سوال

میں نوجوان ہوں اورایک لڑکی سے غلط تعلقات قائم کرکے اس کی بکارت زائل کرچکا ہوں، میں کام نہیں کرتا، اوروہ ابھی تک چھوٹی ہے کیا میں خفیہ طور پر اس سے شادی رچاسکتا ہوں حتی کہ میں مسؤلیت اٹھانے کا متحمل ہوسکوں اوروہ بھی اپنے آپ پر مطمئن ہوجائے، اوراپنی عفت محفوظ رکھ سکے ؟

جواب

الحمد للہ

اول :

آپ اوراس عورت پر سچی اورخالص توبہ کرنی واجب ہے، اوروقت گزرنے سے قبل اس کاتدارک کرنا ضروری ہے، کیونکہ آپ ایک فحش کام کے مرتکب ہوئے ہیں، جس کا ارتکاب کرنے والے پراللہ تعالی نے دنیا میں حد قائم کی ہے، اوراس فعل پر آخرت میں عذاب دینے کی وعید سنائی ہے

آپ دونوں کی سچی اورخالص توبہ اسی وقت ہوگی جب اس میں درج ذیل شروط پائی جائیں :

اخلاص

ندامت

اورآئندہ ایسا نہ کرنے کاپختہ عزم

اورپھر آپ کی یہ توبہ اس وقت ہونی چاہیے جس میں اللہ تعالی بندے کی توبہ قبول کرتا ہے، کیونکہ روح قبض ہونے سے قبل موت کا غرغرہ شروع ہوجائے تواللہ توبہ قبول نہیں کرتا، اورنہ ہی مغرب کی جانب سے سورج طلوع ہونے کے بعد توبہ قبول ہوگی

مزید آپ سوال نمبر (13990) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں

دوم :

آپ کا اس لڑکی سے شادی کرنے کے متعلق سوال کا جواب یہ ہے کہ :

آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ یہ لڑکی آپ کےلیے اس وقت تک حلال نہیں جب تک کہ آپ دونوں اپنی اس معصیت ونافرمانی سے توبہ نہیں کرلیتے، اوراگر توبہ کرنے سے قبل آپ اس سے نکاح کر بھی لیں تو یہ نکاح صحیح نہیں ہوگا

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"اس لیے علماء کرام کا صحیح قول یہ ہے کہ : زانی عورت سے اس کی توبہ کے بعد ہی شادی کرنی جائز ہے" انتہی

دیکھیں : مجموع الفتاوی (141/32).

مستقل فتوی کمیٹی کے علماء کرام سے درج ذیل سوال کیا گیا :

ایک آدمی نے کنواری عورت سے زنا کیا اوراب اس سے شادی کرنا چاہتا ہے، کیا ایسا کرنا جائز ہے ؟

کمیٹی کے علماء کا جواب تھا :

"اگر واقع ایسا ہی ہے جو بیان ہوا ہے تو پھر ہر ایک کو اللہ کے ہاں توبہ کرنی چاہئے اور وہ اس جرم کو فورا ترک کر دیں اور اپنے اس فحش کام پر نادم بھی ہوں، اور آئندہ ایسا نہ کرنے کا پختہ عزم کریں، اور اس کے ساتھ ساتھ اعمال صالحہ کثرت سے کریں، امید ہے اللہ تعالی توبہ قبول کرتے ہوئے ان برائیوں کو نیکیوں میں بدل دیگا

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اور وہ لوگ جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو معبود نہیں بناتے اور کسی ایسے شخص کو جسے قتل کرنا اللہ تعالی نے حرام کیا ہے وہ بجز حق کے اسے قتل نہیں کرتے، اور نہ وہ زنا کے مرتکب ہوتے ہیں، اور جو کوئی یہ کام کرے وہ اپنے اوپر سخت وبال لائیگا.

اسے قیامت کے روز دوہرا عذاب دیا جائیگا، اور وہ ذلت وخواری کے ساتھ ہمیشہ اسی میں رہیگا.

{ سوائے ان لوگوں کے جو توبہ کریں اور ایمان لائیں اور نیک کام کریں، ایسے لوگوں کے گناہوں کو اللہ تعالی نیکیوں میں بدل دیتا ہے، اور اللہ بخشنے والا مہربانی کرنے والا ہے

اور جو کوئی توبہ کرنے کے بعد نیک عمل کرے تو اس نے (حقیقتا) اللہ کی طرف (سچی) توبہ کرلی } الفرقان (68-70). انتہی

دیکھیں : فتاوی اسلامیۃ (247/3).

مزید آپ سوال نمبر (85335) کے جواب کا مطالعہ کریں

سوم :

رہا آپ کا اس عورت سے خفیہ شادی کرنے کا مسئلہ تو اس سلسلہ میں گزارش ہے کہ اگر تو یہ شادی اس کے ولی کی موافقت اور دو گواہوں کی موجودگی میں ہو اور آپ نے اس کو مشہور نہ کرنے کا مشورہ کیا ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن افضل یہی ہے کہ نکاح اعلانیہ طور پر کیا جائے

لیکن اگر یہ شادی عورت کے گھر والوں کی لاعلمی اور عدم موافقت میں ہو تو یہ نکاح صحیح نہیں ہوگا

صحیح حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ولی کے بغیر شادی کرنے سے منع فرمایا ہے :

ابو موسی رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا"

سنن ترمذی حدیث نمبر (1101) سنن ابو داود حدیث نمبر (2085) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (1881) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح ترمذی میں اسے صحیح قرار دیا ہے

اورایک حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جس عورت نے بھی اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کیا تو اس کا نکاح باطل ہے، اس کا نکاح باطل ہے، اس کا نکاح باطل ہے"

سنن ترمذی حدیث نمبر (1102) ترمذی نے اسے حسن کہا ہے، سنن ابو داود حدیث نمبر (2083) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (1879) اس کی راوی عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا ہیں، اور علامہ البانی رحمہ اللہ نے ارواء الغلیل (1840) میں اسے صحیح قرار دیا ہے

آپ اپنے گھر اور خاندان والوں کی لاعلمی میں اس عورت سے شادی کر سکتے ہیں، کیونکہ آپ کے لیے اس کی شرط نہیں لیکن افضل اور بہتر یہی ہے کہ آپ ان کی موافقت حاصل کریں

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ آپ دونوں کو سچی اور پکی توبہ کرنے کی توفیق نصیب فرمائے، اور دنیا و آخرت میں آپ کی ستر پوشی کرے

واللہ اعلم.

اسلام سوال وجواب

102882